آئینۂ

بریلویت

آج کل چونکہ رضا خانی فرقہ قرآن وسنت سے عوام کی ناواقفیت سے ناجائز فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنے "علیحضرت" کے "دین و مذہب" کی نشرواشاعت میں بڑی شدومد سے مصروف ہے۔اوراپنے زہریلے پروپیگنڈے کے ذریعہ ناواقف عوام کو باورکرایا جارہا ہے کہ صرف اورصرف رضا خانی حضرات ہی اصلی اسلام کے علمبرداراورحقیقی اہلسنت والجماعت ہیں۔نیز وہی سچے پکے حنفی ہیں۔ایسی صورت حال جب رونما ہوجائے تو پھرواقف کاروں اوراہل علم حضرات پر یہ فرض اورزیادہ ہوجاتا ہے کہ وہ بھولے بھالے عوام کو باطل سے آگاہ اور حق سے روشناس کرائیں۔اسی جذبہ کے ماتحت ہم نے یہ ارادہ کیا ہے کہ چھوٹے چھوٹے پمفلٹوں کے ذریعہ عوام الناس تک حق کی آواز پہنچائیں اورانہیں باطل سے آگاہ وخبردار کریں۔چناچہ سردست ہم " آئینہء بریلویت "کے نام سے یہ پمفلٹ آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔تمام حوالہ جات ہم نے خوداصلی کتُب سے دیکھکرنقل کئے ہیں۔انشاءاللہ آپ ان حوالہ جات میں کسی قسم کی خیانت یا قطع و برید نہیں پائیں گے۔اب آپ کا یہ فرض ہے کہ اس آوازحق کوزیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کی کوشش کریں۔

۱۔ تمام دینی عقائدومسائل قرآن وسنت سے اخذ کئے جاتے ہیں۔لیکن چونکہ احمدرضا خان صاحب نے ایک نیا دین اپنے فرقہ کے سامنے پیش کیا ہے۔اس لئے مرتے وقت اپنے متبعین اور پیروکاروں کو یہ وصیت کرتے ہیں "حتیٰ الامکان اتباع شریعت نہ چھوڑو اور میرا دین و مذہب جو میری کتب سے ظاہر ہے،اس پر مضبوطی سے قائم رہنا ہرفرض سے اہم فرض ہے"۔(وصایا شریف ص ۹)

۲۔ یہی وجہ ہے کہ احمدرضا خاں صاحب کے پیروکاراُن کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ بریلویوں کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے ہیں۔چنانچہ ایک مقام پرلکھا ہے"ولا هل السنة من الله احمد رضا"(خالص الاعتقاد ص ٦)۔یعنی اصل سنت (بریلویوں) کیلئے اللہ تعالیٰ کی جانب سے احمدرضا خان صاحب مبعوث ہوئے ہیں۔

۳۔ اسی بناء پر بریلویوں کا یہ عقیدہ ہے کہ انبیاءعلیہم الصلوۃ والسلام کی طرح احمدرضا خاں صاحب ہرقسم کی غلطیوں سے معصوم ہیں بلکہ لغزشوں سے بھی انہیں معصوم سمجھا جاتا ہے۔چناچہ موتف "انشاءاحمدرضا" نے "لغزش سے محفوظ رہنا" کا عنوان قائم کر کے لگا ہے "اللہ تعالیٰ نے آپ (احمدرضا خاں صاحب) کواسطرح اپنی حفاظت میں لے لیا کہ آپ کا قول وفعل اورتحریرلغزش سے محفوظ رہے۔چندسطروں بعد لکھتے ہیں "اعلیحضرت قدس سرہ کی زبان مبارک اورقلم شریف نقطہ برابرخطا کرے خدا تعالیٰ نے اس کو ناممکن بنا دیا ہے "انشاہ احمد رضا ص۱۷۹ و ص۱۸۰) بہرحال ثابت ہوگیا کہ بریلوی حضرات احمدرضا خاں صاحب کواللہ تعالیٰ کی جانب سے بھیجا ہوا پیغمبر یقین کرتے ہیں اوران کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان کا قول،فعل،تحریر،زبان مبارک اورقلم شریف نقطہ برابرخطا کرے اللہ تعالیٰ نے اس کو ناممکن بنادیا ہے۔اورخوداحمدرضا خان صاحب بھی یہ وصیت کر گئے ہیں کہ "میرا دین و مذہب جو میری کتب سے ظاہر ہے،اس پر مضبوطی سے قائم رہنا ہرفرض سے اہم فرض ہے"اس لئے اب ہم احمدرضا خان صاحب کے "دین و مذہب" کی چند باتیں آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔